TEM-C-5urdu	**تحقیقی مطالعہ میں شرکت کے لیے رضامندی** (Consent to Participate in Research) [Urdu]	Stanford University

آپ کو ایک تحقیقی مطالعہ میں حصہ لینے کے لئے کہا جا رہا ہے۔ اس تحقیقی مطالعے کا عنوان ہے:

_____

_____

_____

_____

_____

اس تحقیقی مطالعے سے متعلق کلیدی معلومات آپ کو فراہم کی جا رہی ہے۔ تحقیقی مطالعے میں حصہ لینے پر اتفاق کرنے سے پہلے، تفتیش کار کو (i) تحقیق کے مقاصد، طریقۂ کار اور مدت؛ (ii) کوئی بھی طریقہ کار جو تجرباتی ہوں؛ (iii) تحقیق کے کوئی بھی معقول حد تک قابل پیش گوئی خطرات، زحمتیں، اور فوائد؛ (iv) کسی بھی ممکنہ طور پر مفید متبادل طریقہ کار یا علاج؛ (v) رازداری برقرار رکھنے، اور (vi) آپ کی معلومات یا حیاتیاتی نمونوں کے آئندہ استعمال کے بارے میں آپ کو بتانا چاہیے۔

جہاں قابل اطلاق ہو، تفتیش کار کو آپ کو بتانا چاہیے (i) چوٹ لگنے پر کسی دستیاب معاوضہ یا طبی علاج؛ (ii) ناقابل پیش گوئی خطرات کے امکان؛ (iii) ایسے حالات جب تفتیش کار کو آپ کی شرکت موقوف کرنی پڑے؛ (iv) کوئی اضافی خرچ جو آپ کو برداشت کرنا پڑے؛ (v) شرکت روکنے کے آپ کے فیصلے پر کیا ہوگا؛ (vi) شرکت پر آپ کی رضامندی کو متاثر کر سکنے والے نئے نتائج کے بارے میں آپ کو کب بتایا جائے گا؛ (vii) مطالعے میں شریک لوگوں کی تعداد، (viii) تجارتی منفعت کے لیے آپ کے حیاتیاتی نمونوں کا استعمال، (ix) کیا آپ کو آپ کے تحقیقی نتائج کے بارے میں بتایا جائے گا، (x) کیا تحقیق میں پوری جینوم سیکوئنسنگ (جینیاتی سلسلہ بندی) کو شامل کیا جاسکتا ہے، اور (xi) کیا تحقیق سے متعلق معلومات طبی آزمائش رجسٹری میں شامل کیے جانے کے لیے جمع کی جاچکی ہے یا کی جائے گی۔

اگر آپ شرکت پر رضامند ہیں، تو آپ کو اس دستاویز کی ایک کاپی (دستخط شدہ) اور تحقیقی مطالعہ کا اردو میں ایک تحریری خلاصہ دیا جائے گا۔

اگر آپ کے اس تحقیقی مطالعہ، اس کے طریقہ کار، خطرات اور فوائد، یا علاج کے متبادل طریقوں کے بارے میں کوئی سوالات، خدشات یا شکایات ہیں، تو آپ کو

پروٹوکول ڈائریکٹر، _____ سے پوچھنا چاہیئے

آپ ان کے ساتھ ابھی یا بعد میں _____ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اس تحقیقاتی مطالعہ کو منعقد کرنے کے انداز کے بارے میں مطمئن نہیں ہیں، یا اگر تحقیقات کے بارے میں یا تحقیق کے شرکت کنندہ کے طور پر اپنے حقوق کے بارے میں کوئی خدشات، شکایات، یا عمومی سوالات ہیں تو، تحقیقاتی ٹیم سے آزاد کسی مطع شخص سے بات کرنے کے لیے براہ مہربانی (650)-723-5244 یا ٹول فری نمبر 1-866-680-2906. آپ Stanford IRB, Stanford University, 3000 El Camino Real, Five Palo Alto Square, 4th Floor, Palo Alto, CA 94306 کو خط بھی لکھ سکتے ہیں۔

اس تحقیق میں آپ کی شرکت رضاکارانہ ہے، اور اگر شرکت کرنے سے انکار یا شرکت روکنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو کوئی حرج نہیں ہو گی یا آپ اپنے فوائد سے محروم نہیں کیے جائیں گے۔

اس دستاویز پر دستخط کرنے کا مطلب ہے کہ تحقیقاتی مطالعہ، بشمول درج بالا معلومات کی آپ کو زبانی طور پر وضاحت کی گئی ہے اور یہ کہ آپ رضاکارانہ طور پر حصہ لینے کے لئے متفق ہیں۔

_____	_____	_____	_____
شرکت کنندہ / قانونی طور پر مجاز نمائندہ والدین/قانونی سرپرست کے دستخط/ *Signature of Participant/ Legally Authorized Representative/ Parent(s) or Guardian(s)*	*تاریخ/* *Date*	*گواہ کے دستخط (مثلا، عملہ، ترجمان، خاندان کا رکن)/* *Signature of witness (e.g., staff, interpreter, family member)*	*تاریخ/* *Date*

تجرباتی شرکت کنندہ کے حقوق کا بل

(Experimental Subject's Bill of Rights)

تحقیق کے شریک کنندہ کے طور پر آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں۔

ان حقوق میں شامل ہیں لیکن ان ہی تک محدود نہیں، شریک کنندہ کا:

- تجربے کی نوعیت اور مقصد سے مطلع کیا جانے کا حق؛
- طبی تجربے میں استعمال کیے جانے والے طریقوں کی وضاحت دیے جانے کا حق، اور کوئی بھی دوائی یا آلہ جو استعمال کیا جائے گا؛
- شریک کنندہ کو معقول طور پر متوقع بے سکونی اور خطرات کی وضاحت دیے جانے کا حق؛
- تحقیق کے شرکت کنندہ کو کسی بھی متوقع فوائد کی وضاحت دیے جانے کا حق، اگر قابل اطلاق ہو؛
- کسی بھی مناسب متبادل، ادویات یا آلات جو موضوع کے لئے مفید ہو سکتے ہیں، ان کے متعلقہ خطرات اور فوائد کے بارے میں بتایا جانے کا حق؛
- اگر تجربے کے بعد کوئی پیچیدگیاں ظاہر ہوتی ہیں تو شرکت کنندہ کے لئے، اگر دستیاب ہوں، تو طبی علاج کے مقامات کے بارے میں مطلع کیا جانے کا حق؛
- تجربہ اور اس میں شامل طریقہ کار کے بارے میں سوالات پوچھنے کے لئے موقع دیے جانے کا حق؛
- بتائے جانے کا حق کہ اس طبی تجربے میں شرکت کرنے کی رضامند کسی بھی وقت واپس لی جا سکتی ہے اور کسی امتیازی سلوک کے بغیر شرکت کنندہ اپنی شرکت کو روک سکتا/سکتی ہے؛
- دستخط شدہ اور تاریخ شدہ رضامندی فارم کی نقل دیے جانے کا حق؛ اور
- جبر، فراڈ، دھوکہ دہی، دباؤ، سختی یا ناجائز رسوخ کے کسی عنصر کی مداخلت کے بغیر کسی طبی تجربے کے لئے رضامندی دینے یا نہ دینے کے بارے میں فیصلہ کرنے کا حق دیا جانا۔